نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

Fair Fares NYC

نیو یارک سٹی محکمہ برائے سماجی خدمات/انتظامیہ برائے انسانی وسائل کی استعمال کی شرائط اور دیگر اہم معلومات

سب وے اور مقامی بس یا Access-A-Ride کی ٹرپس پر Fair Fares کی رعایت (Urdu)

محکمہ برائے سماجی خدمات/انتظامیہ برائے انسانی وسائل (Department of Social Services/Human Resources Administration, DSS/HRA) Fair Fares نیو یارک سٹی (Fair Fares New York City, FFNYC) پروگرام (پروگرام) کا انتظام سنبھالتا ہے۔ یہ پروگرام اہل افراد کو سب وے، مقامی بسوں اور Access-A-Ride (AAR) پیراٹرانزٹ میں نصف قیمت پر سفر کرنے دیتا ہے۔

Fair Fares NYC پروگرام میں اندراج:

اگر آپ پروگرام کے لیے اہلیت کے تقاضوں پر پورے اترتے ہوں اور فنڈنگ دستیاب ہو، تو آپ ایک FFNYC رعایت وصول کریں گے اور پروگرام میں ایک سال کے لیے اندراج پا جائیں گے۔ آپ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک رعایت کے لیے اندراج حاصل کریں گے (آپ کے اندراج کے وقت جو بھی آپ پر نافذ ہوتا ہو):

- MTA نیو یارک سٹی ٹرانزٹ (New York City Transit) کے سب ویز اور مقامی بسوں (بشمول اسٹیٹن آئلینڈ ریلوے، روزویلٹ آئلینڈ ٹرام، اور ہڈسن ریل لنک) پر رعایت؛ **یا**
- Access-A-Ride۔

اگر آپ کسی وقت مزید اہل نہیں رہتے، تو پروگرام سے آپ کا اندراج ختم کر دیا جائے گا اور رعایت روک دی جائے گی۔ اگر آپ کا اندراج ختم کیا گیا تو پروگرام آپ کو بذریعہ ڈاک اُس پتے پر مطلع کرے گا جو آپ کے لیے فائل پر موجود ہو گا۔

FFNYC کے لیے اہلیت

NYC کے رہائشی FFNYC کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، اگر:

- ان کی عمر 18 اور 64 سال کے بیچ (اور بشمول) ہے؛
- ایک ایسے گھرانے میں ہیں جو کہ FFNYC پروگرام کے لیے آمدنی کی رہنما ہدایات پوری کرتے ہیں؛
- DSS/HRA یا کسی بھی دوسری NYC ایجنسی سے پورا کار کا کرایہ وصول نہیں کر رہے ہیں؛ **اور**
- FFNYC سب وے اور بس رعایت منتخب کرنے کی صورت میں، کسی بھی دوسرے نقل و حمل میں رعایت (transportation discount program) پروگرام میں پہلے سے شرکت نہیں کر رہے یا شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

Fair Fares MetroCard (FFM) سے One Metro New York (OMNY) ادائیگی میں منتقلی:

پروگرام اب مزید Fair Fares MetroCards (FFMs) جاری نہیں کر رہا ہے۔ اگر آپ کے پاس FFM ہے، تو آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں تاوقتیکہ (جو بھی پہلے رونما ہو):

- FFM کی میعاد ختم ہو جائے (کارڈ کی میعاد ہونے کی تاریخ کارڈ کی پشت موجود ہے)؛
- FFM مزید کام نہ کرے؛
- FFM غیر فعال ہو جائے؛ **یا**
- آپ مزید اندراج یافتہ نہ رہیں۔

استعمال کی جن شرائط پر آپ پہلے ہی دستخط کر چکے ہیں وہ آپ کے MetroCard کے موثر رہنے تک اس پر نافذ رہتی ہیں۔

آپ MetroCard سے OMNY میں سوئچ ہو جائیں گے جب:

- آپ پروگرام میں اپنے اندراج کی تجدیدِ کرائیں گے؛ **یا**
- آپ اپنے MetroCard کی بطور گمشدہ، مسروقہ یا خراب ہونے کی رپورٹ درج کرائیں گے۔

آپ MetroCard سے OMNY کارڈ پر کسی بھی وقت سوئچ کر سکتے ہیں۔ آپ MetroCard سے OMNY کارڈ پر سوئچ کرنے پر، آپ یہ انتخاب کر سکتے ہیں کہ آپ اپنا رعایتی کرایہ اس طرح ادا کرنا چاہتے ہیں۔

- آپ وہ OMNY کارڈ استعمال کر سکتے ہیں جو FFNYC آپ کو بھیجتا ہے؛
- آپ اپنا OMNY کارڈ استعمال کر سکتے ہیں: **یا**
- آپ ذاتی کریڈٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، یا موبائل ڈیوائس سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

سب ویز اور مقامی بسوں پر رعایت کے لیے اندراج یافتہ شرکت کنندگان کے لیے:

Fair Fares NYC کی رعایت صرف آپ کے استعمال کے لیے ہے۔ اگر آپ کسی دوسرے فرد کو اپنا کارڈ استعمال کرنے دیتے ہیں تو پروگرام آپ کو معطل کر سکتا ہے اور آپ کی رعایت ہٹا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم ذیل میں جرمانے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

FFNYC رعایت کو OMNY کارڈ کے ساتھ استعمال کرنا:

- آپ اپنے کارڈ کو کسی بھی OMNY ریڈر پر ٹیپ کر سکتے ہیں۔ آپ کی رعایت سب وے، مقامی بسوں، اسٹیٹن آئلینڈ ریلوے، روزویلٹ آئلینڈ ٹرام اور ہڈسن ریل لنک پر کام کرے گی۔ آپ کی رعایت ایکسپریس بسوں یا AirTrain JFK پر کام نہیں کرے گی – ان خدمات کے لیے آپ سے پورا کرایہ چارج کیا جائے گا۔۔
- اگر آپ 7 متواتر دنوں میں 12 بامعاوضہ ٹرپس کرتے ہیں، تو اس وقت کے دوران میں تمام اضافی رائیڈز خودبخود مفت ہو جائیں گی۔ ***یہ OMNY کی جانب سے پیش کردہ کرائے پر کیپنگ (capping) کے وقت تک دستیاب رہی گی۔***
- اپ اپنی رعایت کے ساتھ صرف ایک ادائیگی کا طریقہ: OMNY کارڈ، ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ، یا موبائل ڈیوائس استعمال کر سکتے ہیں۔ اپنی ادائیگی کا طریقہ تبدیل کرنے کی آپ کی اہلیت پروگرام کی صوابدید پر محدود ہو سکتی ہے۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

OMNY کارڈ کے کام کرنے کا طریقہ:

آپ NYCT سب وے اسٹیشنوں پر واقع OMNY کارڈ وینڈنگ مشین پر، شہر بھر میں موجود شرکت کنندہ ریٹیل اسٹورز پر (omny.info/retail)، OMNY کسٹمر سروس کو 6669-789-(877) پر کال کر کے، یا اپنے رجسٹرڈ OMNY اکاؤنٹ (omny.info/register) کے ذریعے آن لائن کسی OMNY کارڈ میں رقم شامل کر سکتے ہیں۔

- مذکورہ پروگرام کرایے کی لاگت کی ادائیگی یا بازادائیگی نہیں کرتا۔ FFNYC جو بھی کارڈ دیتا ہے اس کارڈ میں کوئی رقم نہیں ہو گی۔
- OMNY کارڈ کو استعمال کرنے سے قبل، آپ نقل و حمل کا جو ذریعہ استعمال کرنے والے ہیں اُس میں سفر کے لیے کرایہ ادا کرنے کی خاطر رقم شامل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کے کارڈ میں جمع کی جانے والی کم ترین مقدار $1.00 ہے۔ آپ کو سفر کرنے کے لیے مذکورہ کرایے کا کم از کم 50% بیلنس درکار ہوتا ہے۔

کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ، یا موبائل ڈیوائس سے ادائیگیاں کرنے کا طریقہ

آپ اپنی رعایت ذاتی کریڈٹ یا ڈیبٹ، یا موبائل ڈیوائس کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔ OMNY ہر بار آپ کے ٹیپ کرنے پر آپ سے رعایتی کرایہ چارج کرے گا۔

- آپ کے کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ میں رعایت شامل کیے جانے پر، FFNYC آپ کو بتائے گا۔
- اگر آپ اپنی رعایت اپنی موبائل ڈیوائس کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، رعایت شامل کیے جانے کے بعد OMNY ریڈر پر ڈیوائس پر ٹیپ کریں۔
- رعایت آپ کے کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ کے صرف ایک ورژن کے ساتھ استعمال کی جا سکتی ہے۔ مثلاً، آپ رعایت کو اپنے طبعی کارڈ پر استعمال نہیں کر پائیں گے اگر یہ رعایت آپ کی موبائل ڈیوائس پر اسی کارڈ کا ڈیجیٹل ورژن ہو۔
- اگر آپ کے کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ کے ایک سے زائد مجاز استعمال کنندہ ہوں تو، صرف ایک مجاز استعمال کنندہ اس کارڈ کو رعایت کے ساتھ استعمال کرسکتا ہے۔
- اگر آپ OMNY کارڈ کو کریڈٹ یا ڈیبٹ کارد یا موبائل ڈیوائس میں سوئچ کرتے ہیں تو، آپ کا OMNY پورے کرایے والا کارڈ بن جائے گا۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

گمشدہ، مسروقہ یا خراب شدہ OMNY کارڈز:

- اپنے کارڈ کے گم ہو جانے، چوری ہونے یا خراب ہونے کی رپورٹ کرنے کے لیے ACCESS HRA (AHRA) پر لاگ ان کریں یا 311 پر کال کریں۔ منسوخ ہو جانے کی صورت میں OMNY کارڈ کام نہیں کرے گا۔
- آپ اپنے OMNY کارڈ کو دوسرے OMNY سے، یا کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ یا موبائل ڈیوائس سے بدل سکتے ہیں۔
- FFNYC فی اندراج سال صرف ایک متبادل FFNYC جاری کرے گا۔ دوسرے متبادل کی اجازت صرف پروگرام کی صوابدید پر، خصوصی حالات میں دی جاتی ہے۔
- جب FFNYC آپ کو نیا OMNY کارڈ بھیجے گا تو، پچھلے کارڈ میں موجود کوئی رقم نئے کارڈ میں منتقل ہو جائے گی۔
- **OMNY ریفنڈز پیش نہیں کرتا ہے۔**
- اگر آپ متبادل کارڈ کی حد کو پہنچ جاتے ہیں تو، آپ اپنی رعایت کو خود اپنے OMNY کارڈ میں شامل کر سکتے ہیں یا کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ یا موبائل ڈیوائس کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ اپنی رعایت کو خود اپنے OMNY کارڈ میں سوئچ کرتے ہیں تو، آپ کے پچھلے کارڈ میں موجود کوئی رقم آپ کے OMNY میں رہے گی۔ اپنے پرانے کارڈ سے خود اپنے OMNY کار ڈ میں رقم منتقل کرنے کے لیے آپ پر OMNY کسٹمر سروس کو 789-6669 (877) پر کال کرنا ضروری ہے۔
- ایسا OMNY کارڈ (Fair Fares OMNY Card, FFOC) جن کا بیجا یا ناجائز استعمال کیا گیا ہو اور ان میں رقم باقی ہو، ریفنڈز کے اہل نہیں ہے۔

گمشدہ، مسروقہ یا خراب شدہ کریڈٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، یا موبائل ڈیوائس

- منسوخ کرنے یا غیر مجاز ٹرانزیکشنز کو روکنے کے لیے اپنا کارڈ موقوف کرنے کے واسطے پہلے اپنے بینک سے رابطہ کریں۔
- اپنی رعایت کسی مختلف کارڈ میں منتقل کرنے کے لیے، AHRA میں لاگ ان کریں۔ OMNY کارڈ کی درخواست کرنے کے لیے، AHRA میں لاگ ان کریں یا 311 پر کال کریں۔

Fair Fares کے جاری کردہ OMNY کارڈ (FFOC) کی اختتامی تاریخ

- آپ کے FFOC کی ایک اختتامی میعاد پشت پر موجود ہے۔ آپ کو اس کارڈ کی اختتامی میعاد تک ہی اسے استعمال کرنا چاہیے۔ پروگرام میں آپ کا اندراج برقرار رہنے کی صورت میں FFNYC آپ کے کارڈ کی میعاد ختم ہونے سے قبل ہی خود بخود ایک نیا کارڈ ارسال کرے گا۔
- FFNYC آپ کی رقم میعاد ختم شدہ کارڈ سے نئے کارڈ میں منتقل کر دے گا۔

MetroCard سے OMNY Card میں بیلنس کی کوئی منتقلی نہیں:

- آپ کوئی بھی باقی ماندہ بیلنس اپنے پورے کرایے والے MetroCard یا پورے کرایے والے OMNY کارڈ سے منتقل نہیں کر سکتے۔
- ہم آپ کے Fair Fares MetroCard سے کسی بیلنس کو آپ کے نئے OMNY کارڈ پر منتقل نہیں کر سکتے۔ آپ کو اپنے MetroCard کی میعاد ختم ہونے یا منسوخ ہونے سے پہلے باقی ماندہ بیلنس استعمال کرنا ہوتا ہے۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

NYCT کے طریق کار کے مطابق گمشدہ یا مسروقہ FFM کے لیے ریفنڈ کی درخواست کرنا:

اگر آپ کا FFM گم یا چوری ہو جاتا ہے **اور** آپ نے ایک **کریڈٹ، ڈیبٹ یا Electronic Benifits Transfer, EBT)الیکٹرانک بینیفٹس ٹرانسفر کارڈ** کے ذریعے 30 دن کا پاس خریدا ہے تو:

- اپنے گمشدہ یا مسروقہ کارڈ کی رپورٹ کرنے کے لیے 311 پر کال کرنے یا AHRA پر لاگ کرنے کے بعد، اپ کو چاہیے کہ 511 یا 1234-330 (718) پر کال کر NYC ٹرانزٹ سے رابطہ کر کے اور ریفنڈ کی درخواست کرنے کی خاطر بیلنس پروٹیکشن پروگرام (Balance Protection Program) تک پہنچنے تک کیے جانے والے اشاروں پر عمل کریں۔
- آپ جزوی طور پر ریفنڈ کے اہل ہو سکتے ہیں، اس دن کی بنیاد پر جب آپ نے بیلنس پروٹیکشن کو آگاہ کیا کہ آپ کا FFM گم ہو چکا ہے یا چوری ہو گیا ہے **اور**:
  - گمشدہ یا مسروقہ FFM پر 30 دن کا پاس تھا؛
  - جس وقت آپ کا 30 دن کا پاس غیر فعال کیا گیا تھا اس وقت اس میں وقت بچا ہوا تھا؛ اور
  - آپ نے 30 دن کے پاس کے لیے ادائیگی ڈیبٹ، کریڈٹ یا EBT کارڈ سے کی تھی۔
- اگر آپ کا FFM گم یا چوری ہو جاتا ہے، تو آپ ہر ایک تقویمی سال کے دوران ایک مفت FFM ریفنڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ دوسرے ریفنڈ کی $5.00 فیس ہوگی اور اگر کارڈ میں $5.00 سے کم کی رقم ہوئی تو کوئی بھی ریفنڈ نہیں دیا جائے گا۔ آپ ہر ایک سال کے دوران زیادہ سے زیادہ دو ریفنڈز وصول کر سکتے ہیں۔

ایسے FFMs جو خراب ہو گئے ہوں یا کام نہ کر رہے ہوں:

اگر آپ اپنا FFM اس وجہ سے استعمال نہیں کر سکتے کہ یہ خراب ہو چکا ہے یا کام نہیں کر رہا تو آپ کو چاہیے کہ آپ اپنا خراب شدہ یا کام نہ کرنے والا FFM، کسی بھی FFNYC کے دفتر کے مقام پر لوٹا دیں۔

قریب ترین دفتر کا پتہ معلوم کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا www.nyc.gov/fairfares ملاحظہ کریں۔ اپنا خراب شدہ یا کام نہ کرنے والا FFM پروگرام کو واپس کر دینے پر DSS/HRA آپ کو متبادل FFOC فراہم کر دے گا۔

MetroCard کی میعاد ختم ہونا

آپ کے FFM کی میعاد ختم ہونے پر اگر اس کے اندر کچھ رقم باقی رہتی ہے، تو آپ ریفنڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اپنی درخواست بذریعہ ڈاک ارسال کریں یا میعاد ختم شدہ اپنا کارڈ کسی FFNYC مقام پر واپس کر دیں۔ ریفنڈ کی کوئی بھی درخواست کارڈ کی پچھلی جانب موجود میعاد ختم ہونے کی تاریخ سے 2 سال کے اندر کی جائے۔

بذریعہ ڈاک درخواست ارسال کرنے کے لیے، لفافے میں اپنے کارڈ کے ہمراہ درج ذیل معلومات شامل کریں:

- اپنے نام کا پہلا اور آخری حصہ۔
- Fair Fares کلائنٹ ID نمبر (آپ کے ACCESS HRA اکاؤنٹ میں Fair Fares کے ہوم پیج پر دیکھا جا سکتا ہے)۔
- وہ کُل بیلنس جو آپ کے خیال میں کارڈ پر باقی ہے۔

اپنا کارڈ اور مندرجہ بالا معلومات یہاں ارسال کریں:

Fair Fares NYC
PO Box 7099
New York, NY 10008-7099

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

Access-A-Ride (AAR) ٹرپس پر رعایت کے لیے اندراج یافتہ شرکت کنندگان کے لیے:

- Fair Fares کے جو شرکت کنندگان AAR رائیڈرز ہیں اور AAR ٹرپس پر رعایت کی درخواست کرتے ہیں، وہ سب ویز اور مقامی بسوں پر رعایت وصول کرنے کے حقدار نہیں ہیں اگر آپ کے پاس پہلے سے سب وے یا مقامی بس کی رعایت ہے تو، FFNYC اس رعایت کو آپ کے کارڈ یا موبائل ڈیوائس سے ہٹا دے گا۔
- جب آپ پروگرام کو Access-A-Ride کا ID نمبر دیں گے اور NYC ٹرانزٹ آپ کی معلومات کی تصدیق کر دے گی، تو رعایت براہ راست ہر ایک AAR اکاؤنٹ پر نافذ ہو جاتی ہے۔ AAR کی جانب سے ایک مرتبہ تصدیق ہو جانے کے بعد، آپ Fair Fares کی اپنی اہلیتی مدت کے دوران AAR پر رعایتی ٹرپس بک کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ رعایت آپ کی جانب سے بکنگ کے وقت ٹرپ پر نافذ ہو گی، اور آپ اپنی ٹرپ مکمل ہونے پر ہی رعایتی کرایہ ادا کریں گے۔
- صرف آپ کو ہی اپنی AAR کرایے میں رعایت استعمال کرنے کی اجازت حاصل ہے۔ اگر آپ کسی اور کو اپنی رعایت استعمال کرنے دیتے ہیں تو آپ پروگرام کے لیے اہلیت سے محروم ہو سکتے ہیں۔ مزید مخصوص معلومات کے لیے ذیل میں جرمانوں کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

FFNYC کی استعمال کی شرائط سے اتفاق کر کے، آپ ہماری خدمات کے استعمال کی شرائط اور اس کے استعمال پر نافذ العمل پالیسیوں، بشمول صارف کے رویے سے متعلق رہنما ہدایات، ڈیٹا کی رازداری، املاک دانش کے حقوق اور جوابدہی کی حدود کو تسلیم اور انہیں قبول کرتے ہیں۔

FFNYC پروگرام میں تجدید:

پروگرام آپ کے FFNYC پروگرام میں اندراج کی مدت کے خاتمے سے کم از کم 30 دن قبل مطلع کرے گا۔ اس کے بعد آپ تجدید کی ایک درخواست DSS/HRA کو ارسال کر سکتے ہیں۔ تجدید کے آپ کی درخواست منظور ہونے پر، آپ کی رعایت ادائیگی کے اسی طریقے کے ساتھ جاری رہے گی جو آپ اس سے پہلے استعمال کر رہے تھے، الّا یہ کہ آپ اپنی تجدید کی درخواست کے دوران ادائیگی کا نیا طریقہ استعمال کرنے کی استدعا کریں۔ اگر آپ کے اندراج کے دوران آپ کے FFOC کی میعاد ختم ہو جائے، تو اس کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ایک نیا FFOC خود بخود آپ کو بھیج دیا جائے گا۔

اعلان دستبرداری:

Fair Fares کی رعایتیں پروگرام کے موثر ہونے کے دوران دستیاب رہیں گی۔ اگر پروگرام بند ہو جاتا ہے، تو رعایت آپ کے کارڈ سے ہٹا دی جائے گی، لیکن آپ اپنے OMNY اکاؤنٹ میں موجود باقی ماندہ بیلنس پورے کرایے کی شرح سے استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ اگر پروگرام بند ہو جاتا ہے تو Access-A-Ride کی رعایت فوری طور پر ختم ہو جائے گی۔

استعمال کی ان شرائط سے اتفاق کر کے، آپ اس امر سے بھی اتفاق کرتے ہیں کہ یہ معاہدہ، شرکت کنندہ کے بطور، آپ کی طرف سے اور آپ اور، FFNYC پروگرام کے منتظم کے بطور، DSS/HRA کے درمیان ہے۔ NYCT اس معاہدے کا فریق نہیں ہے۔

اس معاہدے میں تبدیلیاں:

DSS/HRA کسی بھی وقت اس معاہدے کی شرائط کو تبدیل کر سکتا ہے۔ یہ تبدیلیاں Fair Fares کی ویب سائٹ پر پوسٹ ہو جانے پر مؤثر ہو جائیں گی۔ اگر کوی تبدیلی اس معاہدے کے کسی حصے کو باطل قرار دیتی ہے تو یہ تبدیلی پورے معاہدے کو باطل قرار نہیں دیتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس معاہدے کی باقی شرائط اب بھی موثر ہوں گی۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

نافذ العمل قانون:

اسٹیٹ آف نیو یارک کے قوانین اور سٹی آف نیو یارک کے رولز کے ٹائٹل 68 کا باب 12 اس معاہدے کو کنٹرول کرتا ہے۔ اس معاہدے کی تشریح کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے قوانین استعمال کیے جائیں گے۔

آپ کی معلومات میں تبدیلیاں:

آپ کو نوٹسز اور متبادل FFOCs اس پتے پر موصول ہوں گے جو فائل میں ہمارے پاس موجود ہے۔ آپ اپنی پہلے سے فراہم شدہ معلومات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں DSS/HRA کو مطلع کرنے سے اتفاق کرتے ہیں، جیسے کہ:

- نام؛
- پتہ؛
- ٹیلیفون نمبر؛ اور
- ای میل پتہ۔

آپ www.nyc.gov/accessfairfares کو ملاحظہ کر کے، 311 پر کال کر کے یا Fair Fares NYC کے دفتر کے مقام پر تشریف لا کر اپنا ڈاک کا پتہ، یا رابطے کی معلومات کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

نا اہلیت:

اگر یا جب بھی آپ پروگرام کے لیے نا اہل پائے گئے تو FFNYC آپ کے کارڈ یا موبائل ڈیوائس سے رعایت کو ختم کر دے گا۔ اگر کارڈ غیر فعال نہ ہوا تو آپ کارڈ یا موبائل ڈیوائس کو رعایت کے بغیر استعمال کرتے رہ سکتے ہیں۔

قیود:

صرف آپ کو FF رعایت استعمال کرنے کی اجازت حاصل ہے۔ اگر آپ کسی دوسرے فرد کو FF کی اپنی رعایت استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں، تو آپ کو پروگرام سے ہٹایا جا سکتا ہے، اور اگر آپ کے پاس ایک FFOC ہو تو کارڈ پر موجود باقی ماندہ بیلنس ضائع ہو سکتا ہے۔

کسی بھی OMNY کارڈ کی طرح، اگر کوئی پولیس افسر یا ٹرانزٹ عملہ آپ سے آپ کا FFOC دکھانے کا تقاضا کرتا ہے تو آپ کو یہ بھی اسے دکھانا ہو گا۔

پروگرام آپ کی رعایت ختم کر سکتا ہے اگر:

- آپ نے اپنے FFOC کے ساتھ چھیڑچھاڑ کی ہو؛ یا
- آپ نے اپنی رعایت کے سکتھ سب وے یا اہل بس پر سفر کرنے کے لیے کسی اور اپنا FFOC یا ڈیوائس کرنے دیا۔

جرمانے:

اگر آپ اپنے FF کی رعایت کا بیجا استعمال یا ناجائز استعمال کرتے ہیں یا Fair Fares NYC کو دھوکہ دیتے ہیں (جس میں رعایت کسی دوسرے فرد کو استعمال کے لیے دینا یا Fair Fares NYC کو جانتے بوجھتے غلط معلومات فراہم کرنا بلا تحدید شامل ہیں) تو، آپ کو ایک انتباہی خط موصول ہو گا اور آپ 60 دن کے لیے معطل کیے جائیں گے۔ 60 دن کی معطلی ختم ہونے کے بعد آپ پروگرام کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ دوسری مرتبہ جرم کا ارتکاب کرنے پر آپ کو مستقل طور پر پروگرام سے نا اہل قرار دے دیا جائے گا۔

ایسے FFOCs جن کا بیجا یا ناجائز استعمال کیا گیا ہو اور ان میں رقم باقی ہو، وہ ریفنڈز کے اہل نہیں۔

نام (پہلا، آخری)

Fair Fares کی ID

اہلیت کے فیصلے سے اختلاف کرنے کا حق:

اگر آپ Fair Fares NYC کے لیے نااہل پائے جاتے ہیں، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ311 پر کال کر کے یا FFNYC کے کسی مقام پر جا کر ایک انتظامی جائزے کی استدعا کرتے ہوئے اہلیت کے فیصلے سے اختلاف کریں۔

انکشاف:

DSS/HRA آپ کی پروگرام میں شرکت کے لیے آپ کے بارے میں جمع کی گئی ذاتی معلومات کو بعض مقاصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے اور ان کا اشتراک کر سکتا ہے، جن میں درج ذیل بلا تحدید شامل ہیں:

- پروگرام کا بندوبست کرنا؛
- آپ کو اضافی مراعات، خدمات اور اس نگہداشت سے جوڑنا جس کے آپ اہل ہو سکتے ہیں؛
- Access-A-Ride پروگرام میں آپ کی شرکت کی تصدیق کرنا؛
- یہ تصدیق کرنا کہ آپ MTA کے کم کرایے کے کسی پروگرام میں شرکت نہیں کر رہے ہیں؛ اور
- پروگرام سے متعلق دھوکہ دہی کے مشتبہ معاملات کی تفتیش کرنے کی خاطر لاء انفورسمنٹ کو فراہم کرنا۔

Fair Fares کی رعایت اور اس کا استعمال NYC ٹرانزٹ اور اس کے الحاق یافتگان کے نرخ کے تمام التزامات، اصولوں، اور ضوابط سے مشروط ہے۔

FFOC کا استعمال بھی اسی کرایے اور نرخ کی شرائط، ضوابط اور قیود سے مشروط ہو گا جو کہ FFM کے استعمال کے لیے موجود ہیں۔ OMNY کے ہمراہ Fair Fares کی رعایتوں کا آپ کی جانب سے استعمال OMNY کی خدمت کی شرائط اور OMNY کی رازداری کی پالیسی سے مشروط ہے جو کہ OMNY.info پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

براہِ کرم استعمال کی ان شرائط کا مطالعہ کریں اور اپنے ریکارڈ کے لیے ایک کاپی محفوظ رکھیں۔

شرکت کنندہ کا نام (جلی حروف میں)

تاریخ

شرکت کنندہ کے دستخط

کسٹمر سروس یا مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں۔ اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا اونچا سنتے ہیں تو ہم سے رابطہ کرنے کے لیے 711 یا اپنے ترجیحی ریلے سروس فراہم کنندہ کا استعمال کریں۔